30/05/2026

07.40 / PM

## ہیڈ لائنز

فیسٹول کا آغاز // لیفٹنٹ گورنر نے کیا افتتاح Literature *........ سرینگر میں دو روزہ کشمیر ۔

پاسنگ آوٹ NDA // *........ بھارتی فوج کسی بھی صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار پریڈ سے فوج کے سربراہ کا خطاب ۔

سرکار کے بارہ سال مکمل // سرکار نے کیا مختلف شعبوں کی ترقی کا NDA *........ مرکز میں خلاصہ۔

*........ وزیر اعظم کل کریں گے من کی بات پروگرام میں کئی موضوعات پر اظہارِ خیال۔

## فیسٹول

فیسٹول کے تیسرے شمارے کا آغاز Literature سرینگر میں آج سے دو روزہ کشمیر SKICC ہوا۔ فیسٹول کا افتتاح لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کیا۔انہوں نے ادیبوں اور قلمکاروں سے تاکید کی کہ وہ اپنی تخلیقات کے ذریعے مثبت سوچ اور رواداری کو فروغ دیں ۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنی تاریخ کا تحفظ یقینی بنانا چاہئے ۔

لیفٹنٹ گورنر نے اس موقعہ پر پدم شری پروفیسر شفیع شوق اور دیگر کئی شخصیات کی عزت افزائی بھی کی ۔

## سنہا گوا

کے سٹیٹ ہڈ ڈے پر وہاں کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔ Goa لیفٹنٹ گورنر نے منوج سنہا نے ایک پیغام میں ایل جی نے کہاکہ قدرتی خوبصورتی اور گونا گوں ثقافتی ورثے سے مالا مال اس ریاست نے بہت سارے شعبوں میں اپنی ایک منفرد شناخت قائم کی ہے ۔

## سریندر

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آج جمونمیں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوںنے کئی مقامات پر جا ری تعمیراتی پروجیکٹوں کا معائنہ بھی کیا۔

سکینہ ایتو

تعلیم اور صحت کی وزیر سکینہ ایتو نے عوامی خدمات کے نظام کو مستحکم کرنے کےلئے بین محکمہ جاتی تال میل کو انتہائی اہم قرار دیتے ہوئے سبھی محکموں پر زور دیا ہے کہ وہ لوگوں کی راحت رسانی کےلئے مل جل کر کام کریں۔ سرکٹ
ہاو

---

س پلوامہ میں عوامی شکایات کے ازالے سے متعلق ایک کیمپ میں مختلف علاقوں کے لوگوں ۂ کی جانب سے اُبھارے گئے مسائل اور مطالبات سننے کے بعد سکینہ ایتو نے کہا کہ حکومت لوگوں کو راحت پہنچانے کےلئے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

انہوںنے افسران پر زور دیا کہ وہ ترقیاتی اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق پروجیکٹوں کی تکمیل وقت مقررہ پر یقینی بنانے پر خاص توجہ دیں۔ MLA پانپور حسنین مسعودی، MLA زینہ پورہ شوکت حسین گنائی اور مختلف محکموں کے ضلع افسران نے اس کیمپ میں شرکت کی۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے آج نئی دلی میں ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو کے ساتھ ملاقات کی۔ ستیش شرمانے جموں، راجوری، پونچھ ریل رابطہ پروجیکٹ پر کام کی بحالی کا مطالبہ کیا۔

دِویدی

بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی نے کہا ہے کہ ملک کی افواج انتہائی چوکس اور مستعد ہیں اور ضرورت پڑنے کی صورت میں آپریشن سندور کا دوسرا مرحلہ انجام دینے کے لئے پوری طرح تیار ہیں ۔

نیشنل ڈیفنس اکیڈمی پونے کی 150 ویں پاسنگ آوٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے جنرل دویدی نے کہا کہ آپریشن سندور کے پہلے مرحلے سے بھارتی افواج کے نظم و ضبط اور آپسی تال میل کا مظاہرہ ہوا ۔ انہوں نے تربیت مکمل کرنے والے فوجی افسروں سے تلقین کی کہ وہ اپنے فرائض لگن اور تندہی کے ساتھ انجام دیں ۔

الیکشن کمشنر

چیف الیکشن کمشنر Gyanesh Kumar نے کہا ہے کہ ملک میں آئین، انتخابی قوانین اور چناوٗ کمیشن کی جانب سے وضع کئے گئے شفاف رہنما خطوط کے عین مطابق انتخابات کا انعقاد کیا جاتا ہے۔

الیکشن کمیشن کی نمائندگی کرنے والے کونسلز کی دوسری قومی کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے انہوںنے کہا کہ لوک سبھا انتخابات کی شفافیت کو یقین بنانے کےلئے تقریباً 1 کروڑ 80لاکھ چناوٗ اہلکاروں کو تعینات کیا جاتا ہے۔

**NDA**

سرکار کے 12 سال مکمل ہونے کے بعد ملک کے بیشتر حصوں میں تعمیر و NDAمرکز میں ترقی کے ثمرات صاف طور پر دکھائی دے رہے ہیں۔ 12 سال کے اس عرصے میں بھارت نے سیاسی، سماجی، معیشت، بنیادی ڈھانچے اور عالمی سطح کے محاذ پر مختلف شعبوں میں کامیابیوں کے کئی پائیدان طے کئے ہیں۔

اس سلسلے میں پردھان منتری جن آروگیہ آیوشمان بھارت نام کی یوجنا قابل ذکر ہے جس کی عمل آوری کے عام لوگ کا فی مطمئن نظر آر ہے ہیں۔ آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کر تے ہوئے یہ ہیں ایک شہری کے تاثرات۔

**بینک**

جموں وکشمیر بینک یوٹی کے مختلف سیکٹروں کو فروغ دینے اور لوگوں کو اعلیٰ معیار کی بینکنگ سہولیات دستیاب کرانے کےلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے۔

Corporate Social Responsibility کے تحت بھی کئی سارے کام بھی بنک کی طرف سے انجام دیئے جا رہے ہیں۔

CEO ڈاکٹر امیتابھ چٹر جی نے آکاشوانی نیوز اس بارے میں ادارے کے منیجنگ ڈائریکٹر اور سرینگر سے بات کر تے ہوئے کہا۔

**چوہان**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ” کھیت بچاؤ ابھیان“ کو ملک بھر میں ایک جامع مہم کی شکل دی جانی چاہئے تاکہ دیہات، کھیتوں اور کسانوں کے درمیان ایک مستحکم ربط پیدا کیا جا سکے۔

” کھیت بچاؤ ابھیان“ کےلئے کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لینے کےلئے طلب کی گئی ایک میٹنگ کے دوران انہوںنے کہا کہ اس مہم کے دوران کھادوں کے منصفانہ استعمال اور کسانوں کو جانکاری فراہم کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز کی جائے گی۔

قابل ذکر ہے کہ ملک بھر میں کھیت بچاؤ ابھیان یکم جون سے30جون تک چلایا جائے گا۔

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔ خبر یںآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ایپلیکشن پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

## نشہ

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر مُشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیناور منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

ایل جی منوج سنہا کا پیغام۔

جموں کشمیر میں اس سماجی برائی سے بچنے کے اقدامات کے بارے میں ایک ماہرِ طب ڈاکٹر سروَت ہلال نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

اس دوران جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام میں یکم جون کو ایک نشہ مخالف پد یاترا کا انعقاد ہو رہا ہے۔

## DIG

پولیس جا وید اقبال متو نے آج پولیس کے اعلیٰ افسران کے ہمراہ کولگام DIGجنوبی کشمیر کے کا دورہ کر کے وہاں یکم جون کو منعقد ہونے والی منشیات مخالف پد یاترا کےلئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

## سرینگر پولیس

نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان کے تحت سرینگر پولیس نے منشیات کے کاروبار میں ملوث بمنہ سرینگر کے مدثر احمد پیر نامی ڈرگ سمگلر کی ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے۔ اسی طرح کی ایک اور کارروائی میں کرناہ کپواڑہ کے شفیق احمدخواجہ نامی منشیات فروش کی 50لاکھ روپے مالیت کی جائیداد قرق کی گئی۔

## کشمیر پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف کارروائی جا ری رکھتے ہوئے پولیس نے شوپیان ضلعے کے امام صاحب علاقے میں غلام رسول ڈار نامی ایک منشیات فروش کی 22لاکھ35ہزار روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے۔

کولگام ضلعے میں پولیس نے یاری پورہ کے امتیاز احمد میر نامی ڈرگ سمگلر کی50لاکھ روپے اور فیروز احمد خان کی52لاکھ روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے۔

گاندر بل میں پولیس نے سالم احمد بٹ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا۔ ہندواڑہ میں داوود احمد ڈار نامی منشیات فروش کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ گاندربل میں پولیس نے عابد احمد ڈار نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔

سوپور میں پولیس نے نشہ مکت ابھیان کے تحت ادویات فروشوں کی دُکانوں کا معائنہ کیا۔ اننت ناگ میں پولیس نے بھنگ کی کاشت کو تباہ کر دیا۔

## رججو

اقلیتی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا ہے کہ بھارتی حج مشن کو سعودی عرب کی حج اور عمرہ کی وزارت کی طرف سے پہلی مرتبہ دو باوقار Labbaytum ایوارڈز حاصل ہوئے ہیں۔ یہ ایوارڈز، حج کے پروگرام کو خوش اسلوبی کے ساتھ کرائے جانے پر دیے گئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کرن رججو نے بتایا کہ حج 2026 کے اہم رکن کا کامیابی کے ساتھ مکمل ہونا، اِس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ اقلیتوں کے امور کی وزارت، بھارت کی حج کمیٹی اور سعودی عرب میں بھارت کے سفیر اور جدہ میں بھارتی قونصل خانے کے درمیان ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔

## من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی کل یعنی 31 مئی کو اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کرینگے۔ یہ پروگرام آکاشوانی اوردور درشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا ۔ اس کے علاوہ یہ پروگرام نیوز آن AIR ، ڈی ڈی نیوز اور PMO کے یوٹیوب چینلز پر بھی سنا جا سکے گا ۔ پروگرام صبح گیارہ بجے نشر ہو گا جس کے فوراً بعد اس کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ بھی نشر کیا جائے گا ۔ اس ماہانہ پروگرام کی یہ 134 ویںقسط ہو گی۔

## گرگ

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آج پہلگام کا دورہ کر کے وہاں شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے انہیں اس بارے میں تفصیلی جانکاری دی ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈویژنل کمشنر نے یاترا کے لئے کئے گئے انتظامات اور سیاحوں کی آمد میں اضافے پر اطمینان کا اظہار کیا ۔

## عرس

ولی کامل حضرت مُلا آخون طیوب صاحب ؒ اور حضرت تاج بی بی ؒ کے عرس نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منائے گئے۔

اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ کنہ مزار سرینگر اور فتح کدل سرینگر میں ختمات المعظمات اور درود و ازکار کی مجالس کا انعقاد ہوا، جن میں عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔

**آلودن**

آج انٹرنیشنل Potato ڈے ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد زراعت کے شعبے میں آلو کی کاشت کی اہمیت کو اُجاگر کرنا ہے۔ اس برس اس دن کا موضوع "Where Potatoes Grow: livelihoods flourish-ہے

آج کے دن کی اہمیت کے بارے میں شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

**دن**

آج پورے ملک میں ہندی صحافت کا دن منایا جا رہا ہے ۔ یہ دن بھارت میں ہندی زبان میں صحافت کے آغاز کی یاد میں منایا جاتا ہے ۔ 1826 میں آج ہی کے دن کولکتہ سے ہندی روزنامہ " اُڑنت مارتنڈ" کا پہلا شمارہ شائع کیا گیا تھا ۔ اس اخبار کے بانی مُدیر آنجہانی پنڈت جُگل کشور شکلا تھے جنہیں بھارت میں ہندی صحافت کا معمار سمجھا جاتا ہے ۔

**بھاجپا نامہ**

بی جے پی جمونو کشمیرکے صدر ست شرما نے آج پنڈت دین دیال اُپادیائے پرشِکشن مہا ابھیان2026کے تحت کے سلسلے میں منعقد ایک بیان سے خطاب کیا۔

رنجودھ سنگھ نلوا کی سربراہی میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی S پارٹی کے اقلیتی مورچہ کے صدر جس میں NDA سرکار کی12سال کی حصولیابیوں کو اُجاگر کیا گیا۔ اسی سلسلے میں پارٹی کی جانب سے سٹیٹ سیکریٹر پون شرما کی صدارت میں ایک پروگرام منعقد ہوا۔

بی جے پی مہیلا مورچہ کے اہتمام سے امپھلا جموں میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران پارٹی کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے پر غور و خوض کیا گیا۔

**ساگر**

رکن اسمبلی خانیار علی محمد ساگر نے آج اپنے حلقہ انتخاب کے برین اور بابا ڈیمب علاقوں کا دورہ کر کے مقامی لوگوں کے مسائل اور مشکلات کا جائزہ لیا۔

انہوننے یقین دلایا کہ بلواڈ روڈ کی فورلیننگ کا کام دوبارہ شروع کرنے، نشاط اور برین علاقوں میں کھیل کے میدانوں کا قیام اور غوثیہ اسپتال خانیار کی توسیع کے معاملات متعلقہ حکام کے ساتھ اُٹھائے جائیں گے۔

## PDP

پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر سید بشارت بخاری کی صدارت میں ڈوڈہ میں پارٹی کارکنوں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔ انہوننے ورکروں سے تلقین کی کہ وہ آنے والے پنچایت اور میونسپل انتخابات کےلئے تیاریاں شروع کریں۔

افسر خالد جہانگیر کے گھر جا کر ان کی والدہ کے انتقال پر KAS سید بشارت بخاری نے سینئر سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔

## ریلوے

اب ریل خدمات سے متعلق یہ خبر

جموں صوبے کے کٹھوعہ اور پنجاب کے مادھو پور کو ملانے والے ریل برج نمبر17پر تجدید کا کام مکمل کیا گیا ہے۔ شمالی ریلوے کے کمشنر آف ریلوے سیفٹی دنیش چند دیشوال نے آج جموں ڈویژن کے کئی ریلوے افسران کے ہمراہ مذکورہ برج کا معائنہ کیا۔

اس برج ریلوے برج پر ریل سروس چلائے جانے کی اجازت دی گئی ہے۔

## خیر مقدم

جموں صوبے میں بین الاقوامی سرحد کے پاس رہ رہے لوگوں نے مرکز کے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے، جس میں سرحد سے 15 کلومیٹر کے اندر غیر قانونی تعمیرات ہٹائے جانے کی بات کہی گئی ہے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے حال ہی میں ایک اعلیٰ سطح کی سکیورٹی جائزہ سمیت سرحدی Suchetgarh ، آر ایس پورہ اورArnia میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ کیا تھا۔ علاقے کے لوگوں نے اس عمل میں اپنی حمایت کا اظہار کیا ہے۔

## LPG

سرکار نے تیل مارکیٹنگ کمپنیوں سے کہا ہے کہ وہ مغربی ایشیاءکی صورتحال کے چلتے ملک کا ایک ریزرو سٹاک قائم کریں۔LPG میں تیس دنوں کیلئے

پیٹرولیم اور قدرتی گیس وزارت کی جوائنٹ سیکریٹری سُجاتا شرما نے نئی دلی میں بین وزارتی پریس بریفنگ کے دوران میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ بھارت خام تیل سٹوریج کی صلاحیت کو بڑھانے کیلئے کام کر رہا ہے۔انہوں نے مزید کہاکہ پچھلے چار دنوں کے دوران ملک میں مختلف کمپنیوں کی طرف سے ایک کروڑ80لاکھ گیس سیلنڈر تقسیم کئے گئے ۔

**موسم**

**محکمہ موسمیات کے مطابق جمونو کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت28 اعشاریہ4ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30 اعشاریہ9ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 21 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر37منٹ پر ہو گا۔**